# TPL Life Women Critical Illness Plan

The women of today have taken a world of responsibilities on their shoulders, so much so that at times their health and safety get compromised. The time is here when they should take the necessary steps to ensure their physical well-being and get secure themselves against minor ailments, major illnesses, surgeries, and other life-threatening conditions.

To assure the health and physical well-being of women of Pakistan, TPL Life introduces the "Women Critical Illness Plan; A comprehensive plan that covers all the health-related needs of women and secures their financwell-beingeing at the same time. So, embark on a future that is worry and illness free with TPL Life Women Critical Illness Plan and start enjoying every moment of life.

**TPL Life is offering the following Women Critical Illness plans:**

| Silver | Gold | Platinum |
|---|---|---|
| **Hospitalization Benefit** | | |
| 250,000 PKR | 375,000 PKR | 500,000 PKR |
| **Income Benefit** | | |
| 25,000 PKR | 35,000 PKR | 50,000 PKR |
| **Premium** | | |
| 3,500 PKR | 5,000 PKR | 7,000 PKR |
| **Free** Tele-health service for all plans | | |

## Benefits of the Plan

### i. Hospitalization Benefit for Critical Illness:

Women are at risk of certain women-specific illnesses that are covered in this plan including cancers, tumors, and cardiac diseases, etc. In case of critical illness of the policyholder, a sum assured, as per the selected plan, will be provided that will cover the treatment.

Please refer to the FAQ section or policy document for details.

### ii. Family Income Benefit:

Family income benefit will be paid on monthly basis for 3 years in case of the Natural/Accidental death of the Husband or Father by the applicant/policyholder.

Under this plan, the policyholder will receive an income benefit per month, as per the selected plan for 3 years.

### iii. Access to TPL Sahulat:

Under this plan, all policyholders will have access to TPL Life's telehealth platform for consultation with a PMD-certified doctor by using the TPL Life Mobile application.

### Free Look Period:

The policy can be cancelled for a full refund within 14 days after issuance. This can be done by following the below:

- Returning the Policy Documents to the Mobilink Microfinance Branch within the stipulated time mentioned above.

## How can I Claim?

If an event occurs where the benefit assured under this policy becomes payable, then the policyholder/beneficiary will be required to submit the following to the insurance company:

**i. In Case of In-Patient Hospitalization (At Panel Hospital):**

- Policyholder will visit the hospital along with the original CNIC and scratch card.
- Policyholder will deposit both original cards at the hospital.
- Hospital will obtain pre-approval from the company.
- On successful approval from the company, the hospital will facilitate the policyholder.

**ii. In Case of Hospitalization Reimbursement (Non-Panel Hospital):**

- Duly filled claim form (attached to the scratch card and also available at www.tpllife.com)
- Original bills, receipt and discharge certificate/card from the hospital (duly stamped by the hospital)
- Any other documents as required by the company

**iii. In Case of death of Father/Husband:**

- Duly filled claim forms (enclosed with the scratch card and also available at www.tpllife.com)
- Death certificate by NADRA
- Any other documents as required by the company

These documents will be submitted to the Mobilink Microfinance respective branch or TPL Life insurance head office at the following address:

**TPL Life Insurance Limited**
**19-B, Lane 3, SMCHS, in the lane of Roomi Masjid, Shahrah-e-Faisal, Karachi, Pakistan.**

The disbursement of the claim shall take place in one of the following ways, as per the policyholder's preference:

a) Through Interbank Fund Transfer (IBFT)
b) Through Cheque

In case of any queries please call (021) 111 – 000 – 330

## Exclusions

**1. For Critical Illness:**

No Critical Illness benefit shall be payable in any circumstances if the Critical Illness is caused directly or indirectly due to the following:

a. Policyholder will visit the hospital along with the original CNIC and scratch card.
   - Consuming too much alcohol.
   - Taking an overdose of drugs, whether lawfully prescribed or otherwise.
   - Taking Controlled Drugs otherwise than in accordance with a lawful prescription.

b. Criminal acts - Taking part in a criminal act.

c. Flying - Taking part in any flying activity, other than as a passenger in a commercially licensed aircraft.

d. Hazardous sports and pastimes - Taking part in (or practicing for) boxing, caving, climbing, horse-racing, jet skiing, martial arts, mountaineering, off-piste skiing, pot-holing, power-boat racing, under-water diving, yacht racing or any race, trial or timed motorsport.

e. HIV/AIDS - Infection with Human Immunodeficiency Virus (HIV) or conditions due to any Acquired Immune Deficiency Syndrome (AIDS).

f. Living abroad - Living outside of Pakistan for more than 13 consecutive weeks in any 12 months.

g. Self-inflicted injury - Intentional self-inflicted injury.

h. Unreasonable failure to follow medical advice - Unreasonable failure to seek or follow medical advice.

i. War and civil commotion - War, invasion, hostilities (whether war is declared or not), civil war, rebellion, revolution or taking part in a riot or civil commotion.

**2. For Natural/Accidental Death:**

1) Attempted suicide, self-destruction or self-inflicted injury, while sane or insane, or any attempt
2) thereat; or
3) Disease or bodily or mental infirmity, or medical or surgical treatment thereof, or hernia, ptomaine
4) or bacterial infections except for pyogenic infections of and through a visible wound accidentally sustained; or
5) Aviation, gliding or any form of aerial flight other than as a fare-paying passenger of a recognized airline or charter service; or
6) Being under the influence of alcohol, intoxicants or drugs other than in accordance with the directions of a registered medical practitioner; or
7) Involvement in any underwater activity; or
8) Participation in or training for any dangerous or hazardous sport or competition or riding or driving in any form of race or competition; or
9) Any breach of law by the Insured Person or assault provoked by him; or
10) Injury(ies) caused by nuclear fission, nuclear fusion or radioactive contamination; or
11) While engaging in or taking part in any naval, military or air force operation; or
12) Pregnancy, abortion or childbirth; or
13) Nuclear, Chemical or Biological attack; or
14) Any disease or medical condition from which the Insured Person was suffering or had a past history at the commencement of the cover or his date of entry, if later; or
15) War, invasion, an act of foreign enemies, hostilities or warlike operations (whether war be declared or not), including civil war, mutiny, riot, civil commotion assuming the proportions or amounting to a popular rising, military rising, insurrection, revolution, rebellion, conspiracy, military usurped power, martial law or state of siege, or any acts of any person acting on behalf of or in connection with any organization actively directed towards the overthrow by force of any government or to the influencing of it by terrorism or violence.

## FAQ

**What is the Premium for TPL Life – Women Critical Illness Plan?**

The premium of three different TPL Life – Women Critical Illness plans for 12 months is 3500 PKR for the Silver plan, 5000 for Gold Plan, and 7000 for the Platinum plan

**Which critical illnesses are covered under this plan?**

The following critical illnesses will be covered under this plan;

1. Cancer (Breast Cancer, Fallopian Tube Cancer, Colorectal, Cervix Uteri, Ovarian Cancer)
2. Benign Tumor
3. Multiple Sclerosis
4. Aplastic Anemia
5. Lung Cancer
6. Kidney Failure
7. Heart Attack (Coronary Artery By-pass Grafts
8. Heart Valve replacement, Angioplasty)
9. Alzheimer's Disease
10. Chronic Lung Disease

**What is the eligible age for getting TPL Life – Women Critical Illness Plan?**

Women who are 18 to 60 years of age can be covered under this plan.

**Can I avail TPL Life – Women Critical Illness Plan if I am more than 60 years?**

No, you can only avail this plan if you are aged 18 – 60 years.

**Is there any waiting period under the TPL Life – Women Critical Illness Plan?**

The waiting period under this plan is 3 months.

**Can I get a refund of Premium in case I do not like the product?**

Yes, you may return the product package within 14 days and may get a refund of the amount from the Mobilink Microfinance Bank Branch you purchased the product from.

You may also visit TPL Life Head Office at:

**TPL Life Insurance Limited**
19-B, Lane 3, SMCHS, in the lane of Roomi Masjid, Shahrah-e-Faisal, Karachi, Pakistan.

**Can I cancel the policy after the Free Look Period?**

The policy cannot be canceled after the free look period.

**What is the Term of TPL Life – Women Critical Illness Plan?**

The plan can be availed for a maximum of 12 months. After every 12 months, the Policy Holder will be required to purchase a new plan to stay insured and covered under the plan.

**Can I continue TPL Life – Women Critical Illness Plan after 12 months as well?**

Yes, you have the option to renew the plan again in case you wish to. Renewal of the policy will depend on your acceptance of the Terms & conditions offered by the Company at the time of renewal.

You may repurchase the – Women Critical Illness card from Mobilink Microfinance Bank acting as an exclusive corporate insurance agent of this product to continue your cover/protection under this plan.

**Note:**

The Company may require the Policyholder to sign any necessary consent form to allow the Company to receive the results of any medical examination and/or tests. Failure to provide the necessary consent will result in the immediate cancellation of this Policy.

The Company shall have a right and opportunity through its medical representatives to examine the policyholder whenever and as often as it may reasonably require within the duration of any claim. If there is any false statement, concealment of facts or fabrication of material facts in the claim documents or otherwise the Company reserves the right to reject the claim and in such cases no sum assured under this policy will be payable.

Please ensure to keep this card with you at all times.

# WOMEN'S CRITICAL ILLNESS PLAN

TPL Life — Formerly Dar-Es-Salaam Textile Mills Ltd.

Exclusively available at Mobilink Microfinance Bank

آج کی خواتین اپنے کاندھوں پر دنیا بھر کی ذمہ داریاں اٹھائے پھرتی ہیں اور وہ اتنی زیادہ ہوتی ہیں کہ وہ اپنی صحت اور حفاظت پر بسا اوقات سمجھوتہ کر لیتی ہیں۔ یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ کو اپنی بہتر جسمانی صحت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرنے اور خود کو معمولی اور بڑی بیماریوں، سرجریز اور زندگی کو لاحق دیگر حالات سے محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان کی خواتین کی صحت اور جسمانی تندرستی کو یقینی بنانے کے لیے ٹی پی ایل لائف متعارف کرا رہا ہے، ویمن کریٹیکل النیس پلان"، ایک ایسا جامع پلان جو نہ صرف خواتین کی صحت سے متعلق تمام ضروریات کا احاطہ کرتا ہے بلکہ ساتھ ہی ان کی مالی خوشحالی کو بھی یقینی بناتا ہے۔ اس لیے اب آپ ٹی پی ایل لائف کریٹیکل النیس پلان کے ساتھ ایک ایسے مستقبل کی جانب قدم بڑھائیں جو پریشانی اور بیماری سے پاک ہو اور اپنی زندگی کے ہر لمحے کو خوشیوں سے بھرپور جینا شروع کریں۔

## ٹی پی ایل لائف، مندرجہ ذیل ویمن کریٹیکل النیس پلانز پیش کر رہا ہے

| پلاٹینم پلان | گولڈ پلان | سلور پلان |
|---|---|---|
| ہاسپیٹلائزیشن بنیفٹ | | |
| 500,000 PKR | 375,000 PKR | 250,000 PKR |
| انکم بینیفٹ | | |
| 50,000 PKR | 35,000 PKR | 25,000 PKR |
| پریمیم | | |
| 7,000 PKR | 5,000 PKR | 3,500 PKR |
| تمام پلانز کے لیے مفت ٹیلی ہیلتھ سروس | | |

## پلان کا بینیفٹ

**(1) پیچیدہ بیماری کے حوالے سے اسپتال میں داخلہ:**

خواتین کو مخصوص بیماریوں کے لاحق ہونے کا خطرہ رہتا ہے، جنہیں اس پلان میں کور (احاطہ) کیا جاتا ہے، اس میں کینسر، ٹیومرز اور دل کے امراض وغیرہ شامل ہیں۔ پالیسی ہولڈر کو کوئی پیچیدہ بیماری لاحق ہونے کی صورت میں، منتخب شدہ پلان کی بیمہ شدہ رقم فراہم کی جائے گی جو علاج پر خرچ کی جائے گی۔

مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی FAQ سیکشن یا پالیسی دستاویز ملاحظہ فرمائیں۔

**(2) فیملی انکم بینیفٹ:**

درخواست گزار / پالیسی ہولڈر کو شوہر یا والد کی طبعی / حادثاتی موت کی صورت میں 3 سال کی مدت کے لیے ماہانہ بنیاد پر فیملی انکم بینیفٹ کی ادائیگی کی جائے گی۔
اس پلان کے تحت، پالیسی ہولڈر 3 سال کی مدت کے لیے منتخب شدہ پلان کے حساب سے انکم بینیفٹ وصول کرے گا۔

**(3) ٹی پی ایل سہولت تک رسائی:**

اس پلان کے تحت تمام پالیسی ہولڈرز کو ٹی پی ایل لائف موبائل ایپلیکیشن کے استعمال کے ذریعے پی ایم ڈی سی کے مستند ڈاکٹر سے مشاورت کی غرض سے ٹی پی ایل لائف کے ٹیلی ہیلتھ پلیٹ فارم تک رسائی حاصل ہوگی۔

**فری لک پیریڈ:**

بیمہ کے بعد 14 دنوں کے اندر پالیسی کو پوری رقم کی واپسی کے ساتھ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ یہ کام درج ذیل ہدایات پر عمل کر کے کیا جا سکتا ہے:۔
موبی لنک مائیکرو فنانس برانچ میں مذکورہ بالا مدت کے اندر پالیسی دستاویز کو واپس کر کے۔

## میں کلیم کیسے کر سکتا / سکتی ہوں؟

اس پالیسی کے تحت قابل ادائیگی بیمہ شدہ کوئی بھی واقعہ رونما ہونے کی صورت میں، پالیسی ہولڈر / مفاد الیہ کو مذکورہ ذیل دستاویزات انشورنس کمپنی کے پاس جمع کرانے کی ضرورت ہوگی:

**(i) اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں (پینل اسپتال میں)**

(a) پالیسی ہولڈر اپنے اصل قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور اسکریچ کارڈ کے ساتھ اسپتال جائے گا۔
(b) پالیسی ہولڈر دونوں اصل کارڈ اسپتال میں جمع کرائے گا۔
(c) اسپتال کمپنی سے پیشگی اجازت حاصل کرے گا۔
(d) کمپنی سے منظوری حاصل کرنے کے بعد اسپتال پالیسی ہولڈر کو سہولت فراہم کرے گا۔

**(ii) اسپتال میں داخلے کے معاوضے کے حصول کی صورت میں (نان پینل اسپتال)**

(a) باضابطہ طور پر پُر شدہ کلیم فارم (اسکریچ کارڈ کے ساتھ منسلک ہے اور www.tpllife.com پر بھی دستیاب ہے)
(b) اصل بلز، رسیدیں اور اسپتال سے ڈسچارج سرٹیفیکیٹ / کارڈ (اسپتال سے باضابطہ طور پر مہر شدہ)
(c) کمپنی کی جانب سے مطلوب دیگر کوئی دستاویزات

**(iii) والد / شوہر کی وفات کی صورت میں:**

(a) باضابطہ طور پر پُر شدہ کلیم فارم (اسکریچ کارڈ کے ساتھ منسلک ہے اور www.tpllife.com پر بھی دستیاب ہے)
(b) نادرا کی جانب سے وفات کا سرٹیفیکیٹ
(c) کمپنی کی جانب سے مطلوب دیگر کوئی دستاویزات

یہ دستاویزات موبی لنک مائیکرو فنانس کی متعلقہ برانچ میں یا ٹی پی ایل لائف انشورنس ہیڈ آفس میں مندرجہ ذیل پتہ پر جمع کرائی جائیں گی:
ٹی پی ایل انشورنس لمیٹڈ
19-B، لین 3، ایس ایم سی ایچ ایس، مسجد رومی کی گلی میں
شاہراہِ فیصل کراچی، پاکستان

کلیم کی تقسیم درج ذیل طریقوں میں سے پالیسی ہولڈر کے ترجیحی طریقے کے مطابق انجام دی جائے گی:
(a) انٹربینک فنڈ ٹرانسفر کے ذریعے
(b) چیک کے ذریعے
کسی بھی معلومات کے لیے برائے مہربانی 111-000-330 (021) پر کال کریں۔

## ممانعت / اخراج

**(i) پیچیدہ بیماری کے حوالے سے:**

براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کسی بھی حالات میں لاحق ہونے والی مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی پیچیدہ بیماری کے حوالے سے ادائیگی نہیں کی جائے گی:

(a) الکوحل یا منشیات کا عادی۔ الکوحل یا منشیات کا غیر موزوں استعمال بشمول درج ذیل عوامل، تاہم ان تک محدود نہیں ہے:
- بہت زیادہ الکوحل استعمال کرنا
- ادویات / منشیات کی اضافی مقدار لینا خواہ وہ قانونی طور پر مجوزہ ہو یا بصورت دیگر
- قانونی طور پر تجویز شدہ ادویات سے مطابقت سے ہٹ کر دیگر صورت میں ادویات / منشیات کا استعمال کرنا

(2) مجرمانہ فعل ۔ مجرمانہ فعل میں حصہ لینا
(3) ہوابازی۔ تجارتی طور پر لائیسنس یافتہ ایئر کرافٹ میں بطور مسافر سفر کرنے کے علاوہ ہوابازی کی سرگرمی میں حصہ لینا۔
(4) خطرناک کھیل یا پاس ٹائمز۔ باکسنگ، کیونگ، کلائمبنگ، ہارس ریسنگ، جیٹ اسکیئنگ، مارشل آرٹس، کوہ پیمائی، آف پیسٹ اسکیئنگ، پاٹ ہولنگ، پاور بوٹ ریسنگ، پانی میں ڈائیونگ، یاٹ ریسنگ یا کوئی بھی ریس، ٹرائل یا ٹائمڈ موٹر اسپورٹس میں حصہ لینا (یا کسی کے لیے حصہ لینا)
(5) ایچ آئی وی ایڈز۔ ہیومن امیونو ڈیفیشنسی وائرس (HIV) سے متاثر ہونا یا کسی بھی ایکوائرڈ امیون ڈیفیشنسی سنڈروم (AIDS) کی وجہ سے متاثر ہونا۔
(6) بیرون ملک رہنا۔ سال کے 12 مہینوں میں مسلسل 13 ہفتوں سے زائد مدت کے لیے پاکستان سے باہر رہنا۔
(7) خود سے لگائی گئی چوٹ۔ جان بوجھ کر خود کو لگائی گئی چوٹ۔
(8) طبی مشورے پر عمل کرنے میں غیر موزوں طور پر ناکامی ۔ طبی مشورے پر عمل کرنے میں غیر موزوں طور پر ناکام رہنا۔
(9) جنگ اور سول نافرمانی ۔ جنگ، یلغار، دشمنی (خواہ جنگ کا اعلان ہو یا نہ ہو)، خانہ جنگی، بغاوت، انقلاب یا فسادات یا سول نافرمانی میں شریک ہونا / حصہ لینا۔

**(ii) طبعی / حادثاتی موت:**

(1) خودکشی کی کوشش کرنا، خود کو نقصان پہنچانا یا زخمی کرنے کی کوشش کرنا، خواہ یہ عمل سمجھداری کی حالت میں ہو یا پاگل پن کی حالت میں
(2) دھمکی دینا؛ یا
(3) بیماری یا جسمانی یا دماغی کمزوری یا اس کا طبی یا بذریعہ سرجری علاج یا ہرنیا، Ptomaine کے امراض لاحق ہونا؛ یا
(4) کسی بھی ظاہری زخم کے حادثاتی طور پر برقرار رہ جانے پر پائیوجینک انفیکشنز کے علاوہ ہونے والے بیکٹیریل انفیکشنز
(5) ایوی ایشن، گلائیڈنگ یا ہوائی سفر کی دیگر کوئی صورت ماسوائے منظور شدہ ایئر لائن یا چارٹر سروس کا کرایہ ادا کر کے سفر کرنے والا مسافر؛ یا
(6) الکوحل، نشہ آور اشیاء، منشیات کے زیر اثر ہونا ماسوائے اس کے کہ رجسٹرڈ طبی معالج کی ہدایات کے مطابق ہو؛ یا
(7) کسی بھی زیر آب سرگرمی میں ملوث ہونا؛ یا
(8) کسی بھی خطرناک یا خوفناک کھیل یا مقابلے یا سواری یا کسی بھی قسم کی دوڑ یا مقابلے میں ڈرائیونگ میں شرکت یا اس کی تربیت دینا؛ یا
(9) بیمہ شدہ شخص کی جانب سے کسی بھی قانونی کی خلاف ورزی یا اس کی جانب سے اشتعال انگیزی پر ہونے والا حملہ؛ یا
(10) جوہری عمل یا تابکاری آلودگی کی وجہ سے آنے والا زخم / چوٹ؛ یا
(11) نیول، ملٹری یا ایئر فورس آپریشن کے ساتھ منسلک ہونا یا اس میں حصہ لینا؛ یا
(12) زچگی، اسقاطِ حمل یا بچے کی پیدائش؛ یا
(13) جوہری، کیمیائی یا حیاتیاتی حملہ؛ یا
(14) کوئی بھی ایسی بیماری یا طبی حالت، جس میں بیمہ شدہ شخص مبتلا تھا یا اس کوریج کے آغاز پر یا اس کے تاریخ اندراج پر اس حوالے سے ماضی کی روداد موجود تھی؛ یا
(15) جنگ، حملہ، غیر ملکی دشمنوں کا عمل، دشمنی / عداوت یا جنگ جیسے کام (خواہ جنگ کا اعلان ہو یا نہ ہو)، بشمول خانہ جنگی، بغاوت، فساد، تناسب کے حوالے سے یا بڑھتی مقبولیت پر سول ہنگامہ آرائی، فوج کا آ جانا، بغاوت کی تحریک / سرکشی، انقلاب، مزاحمت، سازش، فوج کا قبضہ کر لینا، مارشل لاء یا محاصرے کی حالت، یا کسی بھی شخص کا کسی بھی ادارے کی جانب سے یا اس کے تسلسل میں کسی بھی سرکار کی طاقت کے ذریعے معزول کرنے یا اس پر دہشت گردی یا تشدد کے ذریعے دباؤ ڈالنے کی واضح طور پر ہدایت کی گئی ہو۔

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کے لیے پریمیم کی رقم کیا ہے؟**

ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کے حوالے سے تین مختلف پلانز کی 12 مہینوں کے لیے پریمیم کی رقم ہے۔ سلور پلان 3,500 PKR گولڈ پلان 5,000 PKR
پلاٹینم پلان 7,000 PKR

**اس پلان کے تحت کون سی پیچیدہ بیماریوں کا احاطہ (کور) کیا جاتا ہے؟**

اس پلان کے تحت مندرجہ ذیل پیچیدہ بیماریوں کا احاطہ (کور) کیا جائے گا:
(1) کینسر (بریسٹ کینسر)، فیلوپین ٹیوب کینسر، کولوریکٹل، کروکس، یوٹری، اوورین کینسر
(2) بینجن ٹیومر
(3) ملٹی پل سیلوریس
(4) اپلاسٹک اینیمیا
(5) پھیپھڑوں کا کینسر
(6) گردے ناکارہ ہونا
(7) دل کا دورہ (کورونری آرٹری بائی پاس گرافٹس)
(8) دل کے والو کی تبدیلی، اینجیو پلاسٹی
(9) الزائمر کا مرض
(10) پھیپھڑوں کی پیچیدہ بیماری

**ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کی اہلیت کے لیے عمر کی حد کیا ہے؟**

اس پلان کے تحت 18 سے 60 سال کی عمر کی خواتین کا احاطہ (کور) کیا جاتا ہے۔

**اگر میں 60 سال سے زائد عمر کا حامل ہوں تو کیا میں ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان حاصل کر سکتا / سکتی ہوں؟**

نہیں، آپ اس پلان کو صرف 18 سے 60 سال کی عمر تک حاصل حاصل کر سکتے ہیں۔

**ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کے تحت کوئی انتظار کی مدت (ویٹنگ پیریڈ) ہے؟**

اس پلان کے تحت انتظار کی مدت (ویٹنگ پیریڈ) 3 ماہ ہے۔

**اگر مجھے پراڈکٹ پسند نہیں آتی ہے تو کیا اس صورت میں، میں پریمیم واپس لے سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ 14 دنوں کے اندر پراڈکٹ پیکیج کو واپس کر کے اپنی مکمل رقم متعلقہ موبی لنک مائیکرو فنانس بینک برانچ سے واپس لے سکتے / سکتی ہیں۔

**آپ درج ذیل پتہ پر واقع ٹی پی ایل لائف کے ہیڈ آفس میں بھی تشریف لا سکتے ہیں:**

ٹی پی ایل لائف انشورنس لمیٹڈ
19-B، لین 3، ایس ایم سی ایچ ایس، رومی مسجد کی گلی میں،
شاہراہِ فیصل، کراچی، پاکستان

**کیا میں فری لک پیریڈ کے بعد پالیسی منسوخ کرا سکتا / سکتی ہوں؟**

پالیسی کو فری لک پیریڈ کے بعد منسوخ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

**ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کی مدت کیا ہے؟**

یہ پلان زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کے لیے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ پالیسی ہولڈر کے لیے ضروری ہے کہ وہ انشورنس / بیمہ برقرار اور خود کو کورڈ رکھنے کے لیے اس پلان کے تحت نیا پلان خریدے۔

**کیا میں 12 ماہ کے بعد بھی ٹی پی ایل لائف۔ ویمن کریٹیکل النیس پلان کو جاری رکھ سکتا / سکتی ہوں؟**

جی ہاں، آپ اپنی خواہش کے مطابق اس پلان کی دوبارہ سے تجدید کرانے کا حق رکھتے ہیں۔
پالیسی کی تجدید، پلان کی تجدید کے وقت کمپنی کی جانب سے پیش کردہ شرائط و ضوابط کو قبول کرنے پر منحصر ہوگا۔

## Disclaimer

- This product is underwritten by TPL Life Insurance.
- Mobilink Microfinance Bank is only acting as a Corporate Insurance Agent for this product on behalf of TPL Life Insurance.
- All product liabilities rest with TPL Life and Mobilink Microfinance Bank has no liability with regards to any claims arising out of this product.
- The product is not guaranteed or insured by any of the other Group Companies of TPL Corp and they are not liable in any context.
- Renewal of the Policy after the end of its term shall depend upon acceptance by the Applicant/Policy Holder of the terms and conditions offered by the Company at the time of renewal.
- Please refer to the Policy Documents for details & better understanding of the various terms and conditions.
- The marketing text stated above is governed by the Terms & Conditions of this product which is part of the Product Package in your hand & are to be read & understood clearly.

For further details, please contact:
**TPL Life Insurance Limited**
Plot no. 19 B, near Roomi Masjid, SMCHS, Shahrah-e- Faisal, Karachi.
Tel: (021) 35171701 - 10 | "TPLLIFE (space) Complaint" to 9060
Email: info@tpllife.com | Website : www.tpllife.com